ماڈل پیپر شہریت (نئی کتاب)
برائے جماعت نہم (Fresh)

کل نمبر:75 | کل وقت : 3 گھنٹے

نمبر:15 | سیکشن "الف"(معروضی) | وقت:20 منٹ

نوٹ:اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف،ب،ج،د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) لفظ سوکس (Civics) دو ______________ الفاظ سے اخذ کیا گیا ہے۔

(الف) یونانی (ب) عربی (ج) لاطینی (د) فرانسیسی۔

(ii) ریاست کے ____________ بنیادی عناصر ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(iii) پاکستان میں وفاقی اکائیوں کو ____________ کہتے ہیں۔

(الف) صوبے (ب) شہر (ج) مدینہ (د) قصبے

(iv) بلغاریہ میں ____________ نظام ریاست ہے۔

(الف) وفاقی (ب) وحدانی (ج) صوبائی (د) جمہوری

(v) ____________ اکثریت کی حکومت ہوتی ہے۔

(الف) آمریت (ب) جمہوریت (ج) وفاقیت (د) مقامی حکومت

(vi) تمام لوگ ______________ کی نظر میں برابر ہیں۔

(الف) قانون (ب) ریاست (ج) حکومت (د) جمہوریت

(vii) پاکستان کے پارلیمنٹ میں ______________ ایوان ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) ایک۔

(viii) پاکستان میں قومی اسمبلی ____________ سال کے لیے منتخب کی جاتی ہے۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(ix) افراد کے ایسے حقوق جن کا تعلق سیاست سے ہو ____________ حقوق کہلاتے ہیں۔

(الف) سماجی (ب) سیاسی (ج) شخصی (د) معاشی

(x) وفاقی وزیر خزانہ بجٹ کو ____________ میں پیش کرتا ہے۔

(الف) سینٹ (ب) صوبائی اسمبلی (ج) قومی اسمبلی (د) ضلعی اسمبلی

(xi) لفظ تضاد (Conflict) ____________ زبان سے اخذ کیا گیا ہے۔

(الف) لاطینی (ب) یونانی (ج) انگریزی (د) فرانسیسی

(xii) انکوائری ایک ____________ تحقیق کا نام ہے۔

(الف) غیر رسمی (ب) رسمی (ج) دفتری (د) ذاتی

(xiii) ذرائع ابلاغ کی ____________ بڑی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(xiv) آج کل دُنیا میں ____________ استعمال کرنے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔

(الف) میتھانونل (ب) ایتھر (ج) بنزین (د) ایتانول

(xv) ____________ کونسل اساتذہ اور طلباء یا طالبات پر مشتمل ہوتی ہے۔

(الف) سکول (ب) ضلعی (ج) یونین (د) ٹاون

ماڈل پیپر شہریت (نئی کتاب)

برائے جماعت نہم (Fresh)

نوٹ: سیکشن (ب) اور (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہے۔

سیکشن "ب" نمبر:36

سوال2: مندرجہ ذیل سوالات میں سے 9 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

(i) علم شہریت کی نوعیت بیان کریں۔

(ii) وحدانی نظام ریاست اور وفاقی نظام ریاست میں کیا فرق ہے؟

(iii) ایک اچھے سیاسی قائد کی چار خوبیاں لکھیں۔

(iv) پاکستان کے دستور میں بنیادی حقوق کی کیا اہمیت ہے۔

(v) اقتصادی شرح نمو کی دو تعریفیں تحریر کرے۔

(vi) غُصہ کے کم از کم چار اثرات لکھیں۔

(vii) سوالنامہ کی تیاری میں کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

(viii) سول سوسائٹی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(ix) سکول کونسل کے چار مقاصد لکھیں۔

(x) بالواسطہ اور بلاواسطہ جمہوریت میں کیا فرق ہے؟

(xi) باشندہ اور غیر ملکی میں کیا فرق ہے؟

(xii) علم پر مبنی تفتیش انکوائری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سیکشن "ج" نمبر : 24

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال3: ریاست کے بنیادی عناصر تفصیل سے بیان کریں۔

سوال4: شہریت (Citizenship) کے حصول کے طریقے تفصیل سے تحریر کریں۔

سوال5: فلاحی ریاست میں ماس میڈیا کے کردار کو واضح کریں۔

سوال6: ماحولیاتی تحفظ کے طریقوں پر بحث کریں۔